سوال

(900)قلید بدعت ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہ بات تو ہم مانتے ہیں کہ تقلید ناجائز ہے سوال یہ ہے کہ آیا تقلید بدعت ہے یا نہیں ؟ عبدالغفور

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میرا دعویٰ ہے کہ تقلید (قبول قول ینافی الکتاب اوالسنۃ) ناجائز ہے آپ لکھتے ہیں ''یہ تو ہم بھی جانتے ہیں کہ تقلید ناجائز ہے'' تو جناب نے میرا دعویٰ تسلیم وقبول فرما لیا بات ختم ۔ اب جو صاحب تقلید کو بدعت قرار دیتے یا کہتے ہیں ''بدعت ہے یا نہیں'' والا سوال یا تقلید کے بدعت ہونے کی دلیل ان سے پوچھیں یہ فقیر الی اللہ تو تقلید قبول قول ینافی الکتاب او السنۃ کو ناجائز کہتا ہے اور قرار دیتا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص574

محدث فتویٰ